(C–1–C)

Roll No. ..........................................

Total No. of Questions : 12] [Total No. of Printed Pages : 15

# 10thBAKDF-M19

# 22501–C

# URDU

**Time : 3 Hours ]** **[Maximum Marks : 100**

(i) تفصیلی جواب طلب سوالات۔

۱۔ درج ذیل اشارات کوغور سے پڑھنے کے بعدکسی ایک حصےکوعنوان کے ساتھ

۱۵۰ر سے ۲۰۰ر الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے ۔ ۱۲

(الف) علم کے لغوی ......... جاننے کے ...........علم ایک .......... ہے جس

کے ذریعہ ......... کی تاریکی ........ لازوال دولت ......... وجہ سے

انسان اشرف المخلوقات کہلایا۔ اس کے ذریعہ کئی روحانی ........مثلاً وہم،

سفلہ پن، لالچ، جھوٹ، ظلم وغیرہ کا ..........علم کے ذریعہ دنیا کی ..........

Turn Over

ہے۔ اخلاقی ........... تمدنی حالت کو سنوارنا ........... علم کے ذریعہ

ایجادات، تاریخی خزانے، منظر........... علم کے ذریعہ دنیا........... متمدن

ممالک کی ترقی کا بھید........... مضمر ہے۔

(ب) زندگی کا مقصد........... استاد........... ڈاکٹر........... انجینئر...........

نوکری........... تجارت........... استاد........... قوم کا معمار........... رہبر اور

رہنما دل و دماغ........... روشن خالی........... محنتی........... بے لوث خدمت

........... انسانیت کا درس........... قلیل آمدنی........... مطمئن زندگی...........

سکون اور راحت کی زندگی........... سماج کا بہترین فرد........... معزز پیشہ

........... میرا دل پسند........... پیشہ۔

(ج) چھوٹی ڈبیا........... حیران کن ایجاد........... کثیر المقاصد جادوئی

آلہ باتیں خبریں فلمیں گانے

وغیرہ وغیرہ ......... ٹیپ ......... شماریات ......... جمع تفریق .........

ضرب تقسیم ......... غرض کیا نہیں ......... ہر ایک کا ساتھی ......... ہمدم

......... محبوب ......... کاروباری معلومات ......... ایس ایم ایس وغیرہ

......... امیر وغریب ہر ایک کا پیارا ......... کیا شمار اس کی رحمتیں .........

اور اس کی زحمتیں ......... جائز استعمال تو خیر ہی خیر۔

۲۔ اپنے اسکول کے سربراہ کے نام اسکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ اجراء کرنے کی درخواست لکھئے۔

(یا)

اپنے چھوٹے بھائی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اسے تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں حصہ لینے کی تاکید کی گئی ہو۔

(یا)

اپنے علاقے کے تحصیلدار کے نام راشن کارڈ اجراء کرنے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

۳۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجئے۔

(الف) اس نے دونوں چیزیں پیک کر دیں اور کاغذ پر رقم لکھ لی۔ میں نے پرس کھول کر دونوں کی قیمت ادا کی۔ ''اب تم جا سکتے ہو، تمہاری اماں تمہارا انتظار کر رہی ہوگی۔ تمہارے ابو بھی تمہاری راہ دیکھ رہے ہوں گے۔ اور ہاں سنو! اللہ نے تمہاری دعا قبول کر لی، تمہاری چیزیں تمہیں مل گئیں اور کچھ پیسے بھی بچ گئے۔ یہ سنبھالو اپنے پیسے۔''

(ب) انعام گیا چولہے میں ۔ جان بچی تو لاکھوں پائے ۔تم اسی پر شکر کرو کہ تمہارا سہاگ قائم رہا۔ رانڈ ہوتے ہوتے بچ گئیں بیوی! میں نے جنگلوں کی بڑی بڑی انوکھی کہانیاں سنی ہیں ۔ایک دفعہ ایک درخت کے نیچے ایک برات آکر بیٹھی ۔ درخت کا تنا پھٹا اور سارے براتی اس میں سما گئے ۔ اسی طرح کوئی آدمی ایک درخت سے مسواک کاٹنے لگا، درخت کے لمبے لمبے سیاہ بالوں والے ہاتھ نکلے اور اسے گھسیٹ لے گئے ۔آج تک اس کا کچھ پتہ نہ لگا ۔

۳۔ ''عبرت'' یا ''اورمزاج دارلٹ گئی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے ۔ ۷

(یا)

درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھئے ۔

(i) مزاج دار بہو کو بے وقوف بنانے کے لئے حجن نے کیا کیا؟

Turn Over

(ii) مبارک اور ملک صادق کون تھے؟ شہزادے کا ان سے کیا تعلق تھا؟

(iii) خوشامدی میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں؟

(iv) قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالؔی کا کیا خیال تھا؟

۵۔ درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(i) داستان۔

(ii) خاکہ۔

(iii) افسانہ۔

٦۔ کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(i) پریم چند۔

(ii) میر امن۔

(iii) مولوی عبدالحق۔

(الف) نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا

مٹے ناموں کے نشاں کیسے کیسے

(ب) دیکھ کر تشنہ لبی میری تعجب نہ کرو

میں نے صحراؤں کو بخشے ہیں سمندر کتنے

(ج) جگ سونا ہے تیرے بغیر آنکھوں کا کیا حال ہوا

جب بھی دنیا بستی تھی اب بھی دنیا بستی ہے

(د) کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ

شرم تم کو مگر نہیں آتی

(ہ) کتنی بھوکی ہے کتنی پیاسی ہے

زندگی دشتِ کربلا سی ہے

(و) یہی بہت ہے کہ مجھ پر تری توجہ ہے

تری نگاہ کا انداز دوسرا ہی سہی

(یا)

دیئے گئے شعری اجزا میں سے کسی ایک جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھئے۔

(الف) تو اے ابرِ رحمت جو دنیا میں آیا

شرف آدم و آدمیت نے پایا

تو وہ سروِ قامت نہیں جس کا سایہ

مگر بن کے رحمت تو عالم پہ چھایا

قدم تیرا جب سے پڑا ہے زمیں پر

زمیں فوق رکھتی ہے عرشِ بریں پر

(ب) ماں باپ سے بھی سوا ہے شفقت تیری

افزوں ہے تیرے غضب سے رحمت تیری

جنت انعام کر کہ دوزخ جلا

وہ رحم تیرا ہے یہ عدالت تیری

۸۔ درج ذیل نامکمل اقتباسات کی مدد سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالئے۔ ۶

(الف) نام اسد اللہ خان تھا۔ پہلے ............ تھے۔ لیکن بعد میں ............ غالبؔ کر دیا۔ ان کے والد کا نام ............ خان تھا اور ............ لڑائی میں مارے گئے۔ آپ کا بچپن آگرہ ............ اور ............ شادی ہوگئی۔ ابتداء میں ............ شاعری کرتے تھے۔ لیکن ............ شعر کہنا شروع کیے۔ غالبؔ کی

شاعری ………… رنگ ہیں۔

(ب) آپ کا اصلی نام ہنس راج ابرول اور ………… صہبائی ہے۔ آپ کی ولادت ………… اکھنور تحصیل ………… سہری پلائی میں ہوئی۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد ………… کالج میں داخلہ لیا۔ ریڈیو کشمیر جموں میں سبکدوش بھی ہوئے۔ آپ کی شعری زندگی ………… کے آس پاس ہوا ………… مشورۂ سخن کرتے رہے ………… زیادہ تر حصہ غزلوں پر مشتمل ہے۔

۹۔ مندرجہ ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ ۲

(i) غزل۔

(ii) رباعی۔

(iii) مرثیہ۔

**(ii)** مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۰۔ (الف) دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔ ۴

الفاظ: بستر ے ، آگ ، پلنگ ، صاف ، پوریاں

پانی ، مکان ، آرام۔

اقتباس: لوگ ........... میں لت پت چھتریاں لگائے ........... سروں پر اٹھائے

چلے، کرپا شنکر کا ........... قریب تھا۔ وسیع ........... ستھرا۔ اس نے جاتے ہی

........... جلوادی ........... بچھوا دیئے۔ لوگ ........... سے بیٹھے، گھر میں

........... پکنے لگیں۔

(ب) اگر دھوپ نکلی تو کھیلنے میں مزہ آئے گا۔ خوب چہل پہل ہوگی۔ تم بھی کھیل

دیکھنے کے لئے ضرور آنا۔

مذکورہ بالا جملوں میں ''اگر''، ''تو''، ''میں'' اور ''ضرور'' کس قسم کے حروف ہیں؟

۴

(ج) درج ذیل جملوں کے خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم صفت چن لیجئے۔

(i) آج تیز بارش ہو رہی ہے۔

(ii) سبزی کے دام مہنگے ہونے پر بھی لوگ سبزیاں خریدنے کے لئے مجبور ہیں۔

(iii) گول پتھر ندی کنارے ملتے ہیں۔

(iv) قاتل فرار ہو گیا ہے۔

۴

(د) ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔

عابد نے اکرم کو باغ میں دیکھا۔

(یا)

راشدہ اسکول میں موجود ہے۔

۴

۱۱۔ (الف) (i) مفلسی نظم کس شاعر نے لکھی ہے؟

(ii) مفلسی آدمی کو کس کس طرح ستاتی ہے؟ ۳

(ب) (i) ''شہر آشوب'' اصطلاح کی تعریف کیجئے۔

(ii) نصاب میں شامل قصیدہ ''شہر آشوب'' کس شاعر کا ہے؟ ۳

(ج) (i) یٰسین بیگ کی کون سی نظم آپ کی نصابی کتاب میں شامل ہے؟

(ii) حالؔی کا قطعہ کس عنوان سے درسی کتاب میں شامل ہے؟ اور اس میں کس بات پر زور دیا گیا ہے؟ ۳

(iii) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۲۔ (الف) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ ۲

دہی۔ موسم۔

رومال۔ شربت۔

(ب) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

تصاویر۔ اوراق۔

قدم۔ لوگ۔

(د) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھئے۔ ۲

محبت۔ اکبر۔

ترقی۔ پوشیدہ۔

(ج) صرف دو الفاظ کی جمع الجمع لکھئے۔ ۲

جوہر۔ رسم۔

امر۔ دوا۔

(ه) درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کو ان کے معنی سے جوڑیئے۔

| معنی | الفاظ |
| --- | --- |
| خلل۔ | فیاض۔ |
| دشمنی۔ | موازنہ۔ |
| مقابلہ۔ | فتور۔ |
| سخی۔ | عداوت۔ |